لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۵ء | جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت انسپکٹر صاحب موتیخانہ جات۔	۱ و ۲
۲	تقرر لیڈی ڈاکٹر صاحبہ۔	۲
۳	اختیارات احمد صدر۔	″
۴	رخصت جشن سال المجد۔	″
۵	تنزل و تبادلہ محرر موتیخانہ	″
۶	اعلان کتب جدید الطبع	″
۷	روئداد کمیٹی میونسپلٹی	ضمیمہ
۸	نقشہ حیات حات و نقشہ نرخنامہ اجناس	″

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۵ اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت دربارہ منظوری رخصت مزید تین ہفتہ سید ظہیر حسین انسپکٹر موتیخانہ جات از ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۵ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ علالت۔

حکم

بموجب رپورٹ مزید رخصت تین ۳ ہفتہ کی بسلسلۂ رخصت سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۱۷ ر اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارۂ تقرر مس ایس گھوش ایل۔ ایم۔ ایس لیڈی ڈاکٹر بشاہرہ تین سو ۳۰۰ روپیہ ماہوار تنخواہ اور چالیس ۴۰ روپیہ ماہوار کیریج الاونس بجائے مسز ڈاکٹر پال لیڈی برخاست شدہ۔ اور جن شرائط پہ لیڈی ڈاکٹر مذکور کا تقرر قرار پایا ہے وہ منسلکۂ رپورٹ ہیں

حکم

مس ایس گھوش ایل۔ ایم۔ ایس لیڈی ڈاکٹر کا تقرر بشاہرہ تین سو ۳۰۰ روپیہ ماہوار۔ چالیس ۴۰ روپیہ ماہوار الاونس بموجب شرائط منسلکہ حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
اضافہ

۲۰ ر اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثبتۂ درخواست منشی نثار محمد خان اہلمد اجلاس دربارۂ اضافۂ تنخواہ خود بوجہ کمی تنخواہ از دیگر اہلمدان اجلاس و اظہار حسن انجام دہی خدمت خود مصدقہ پیشکار صاحب اجلاس۔

حکم

ایک روپیہ ۱ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت

۲۰ ر اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ ۱۵ یوم جمن لال اہلمد بوجہ علالت۔ و عطائے الاونس انوار رسول اہلمد و جمیل احمد اہلمدان کو۔

حکم

پندرہ ۱۵ یوم کی مزید رخصت جمن لال اہلمد با انتظام موجودہ منظور ہے۔ انوار رسول اور جمیل احمد کو اس مدت مزید کا بحساب پانچ پانچ روپیہ ماہوار الاونس دلایا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت
تنزل و تبادلہ

۱۴ ر اکتوبر ۱۹۲۵ء

بقصور غیر حاضری و غفلت بوقت آتش زدگی مکان مویشی خانہ ٹیوائی بتاریخ ۱۶ ر جون ۱۹۲۵ء ونیز غیر حاضر پانے بتاریخ ۹ ر جولائی ۱۹۲۵ء وقت معائنہ و موجود ہونے ایک راس بیل و ایک راس بھینس بھوکی مویشی خانہ میں اور چلے جانے محرر تحصیل کو بالا تمام کام و خالی چھوڑ دینے مویشی خانہ و مرجانے راس بھینس و ہونے نقصان سرکار حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات مسمی اصغر علی خان محرر مویشی خانہ ٹیوائی مشاہرہ دار پندرہ ۱۵ روپیہ ماہوار کا دو ۲ روپیہ ماہوار چھ ماہ کے لئے تنزل تنخواہ اور تبادلہ دوسرے مویشی خانہ پر کیا گیا۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرمائیے اور احباب کو بھی کہئے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمیں خدا و عالم کے وجود اور توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲/

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست معہ قیمت صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری جولائی سنہ ۱۹۲۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ تا خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۸	۹	۱۱	۲	۵۰	۳۹	۱۱	۱۳	۳	۰	۰	۱۲	۱۲	۲۵	۱۵	۳۱	۹	۰	۱	۰	۳۹	۰	۰	۰	۴۰	
گنج	۱۳	۱	۳	۰	۱۷	۱۶	۱	۸	۹	۲	۰	۵	۱۱	۱۵	۲۰	۳۳	۲	۱	۴	۰	۳۰	۰	۰	۰	۳۵	
حوالی شہر	۱۲	۹	۴	۵	۳۰	۲۱	۹	۴	۳	۰	۰	۲	۲	۶	۵	۱۰	۱	۰	۰	۱۱	۰	۰	۰	۰	۱۱	
عظیم نگر	۲۳	۱۵	۲۱	۲۶	۸۵	۴۴	۴۱	۱۶	۱۱	۴	۴	۱۵	۴	۳۵	۱۹	۳۵	۱۹	۰	۳	۰	۵۲	۰	۰	۰	۵۴	
شاہ آباد	۱۰	۵۶	۸	۴۲	۱۱۶	۱۸	۹۸	۲۳	۲۱	۴	۲	۱۸	۱۰	۴۵	۳۳	۲۳	۵۵	۰	۱۳	۰	۶۳	۲	۰	۰	۷۸	
بیوالی	۵	۳۴	۲	۳۴	۷۷	۹	۶۸	۱۲	۸	۱	۱	۹	۸	۲۲	۱۷	۶	۳۳	۰	۰	۰	۳۰	۱	۲	۰	۳۹	
ملک	۵	۵۳	۶	۳۷	۱۰۱	۱۲	۸۹	۳۰	۳۱	۴	۴	۸	۱۳	۴۲	۴۸	۳۰	۶۰	۱	۲۲	۰	۶۰	۷	۰	۰	۹۰	
بلاسپور	۱۲	۹	۱۳	۶	۴۰	۲۵	۱۵	۵	۷	۵	۳	۱۶	۱۲	۲۶	۲۲	۲۱	۱۷	۰	۰	۰	۴۸	۰	۰	۰	۴۸	
کیمری	۳	۱۰	۲	۵	۲۰	۵	۱۵	۱۱	۲	۱	۱	۵	۵	۱۷	۱۲	۳	۲۶	۰	۱۱	۰	۱۵	۳	۰	۰	۲۹	
سوار	۴	۴	۱	۵	۱۴	۵	۹	۳	۰	۱	۰	۹	۵	۱۳	۵	۱۲	۶	۰	۰	۱۵	۰	۳	۰	۰	۱۸	
ٹانڈہ	۱۸	۱۴	۱۳	۲۱	۶۸	۳۰	۳۸	۱۶	۱۹	۰	۱	۱۷	۱۳	۳۳	۳۳	۲۶	۲۰	۰	۲۰	۰	۳۹	۷	۰	۰	۶۶	
میزان	۱۳۲	۲۱۶	۸۸	۱۸۳	۶۱۸	۲۲۴	۳۹۴	۱۳۱	۱۱۸	۲۲	۱۶	۱۱۲	۹۵	۲۶۹	۲۲۹	۲۵۰	۲۵۸	۲	۷۳	۲۶	۳۸۳	۲۳	۱	۰	۵۰۸	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ لغایت ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹۔۱۰ر		۹۔۱۰ر				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۵۔۱۰ر		۸۔۱۰				
نخود کسہ آمیز	نرخ بازار		۸۔۱۰ر				
کسہ	〃		۸۔۱۰ر				
ماش	۴۔۱۰ر		۔				
مونگ	۷۔۱۰ر		۔				
مکا	۸۔۱۰ر		۷۔۱۰ر				
جئی	۔		۔				
گوجئی	۷۔۱۰ر		۔				
عدس	۷۔۱۰ر		۔				
ارہر	۱۱۔۱۰ر		۔				
برنج	۵۔۱۰ر		۵۔۱۰ر				
روغن زرد	۱۰ چھٹانک		۷ چھٹانک				
روغن سیاہ	۱ر۱۰ر		۱۔۱۰ر				
روغن کنجد	۱ر۱۰ر		۔				
نمک سانبھر	۱۲۔۱۰ر		۱۲۔۱۰ر				
نمک لاہوری	۶۔۱۰ر		۶۔۱۰ر				
قند سیاہ	۳۔۱۰ر		۳۔۱۰ر				
باجرہ	۔		۔				

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور